# DANISH ACADEMY

**Kot Haibat DGK** 03467300010

| Name: | | Roll #: | | Subject: | Urdu-10 | Test #: | 1187594 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Test Detail: | Type 15 - Full Marks Test - Marks=75 | | | | | Time: | |
| Syllabus: | Full Book | | | | | Date: | 22-Feb-2023 |

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | A | B | C | D | 5. | A | B | C | D | 9. | A | B | C | D | 13. | A | B | C | D |
| 2. | A | B | C | D | 6. | A | B | C | D | 10. | A | B | C | D | 14. | A | B | C | D |
| 3. | A | B | C | D | 7. | A | B | C | D | 11. | A | B | C | D | 15. | A | B | C | D |
| 4. | A | B | C | D | 8. | A | B | C | D | 12. | A | B | C | D | | | | | |

**1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(15x1=15)**

1. ’’میر سوالات‘‘ کے کیا معنی ہیں؟
(A) سوالات مرتب کرنے والا (B) سوالات کا عادی (C) سوال نامے کا انچارج (D) سوالی

2. تم بندوق سے حملہ کرتے ہو، ہم تم پر حملہ کریں گے:
(A) قلم سے (B) میزائل سے (C) توپ سے (D) ڈرون سے

3. نہنگوں پر گرمی کا کیا اثر تھا؟
(A) پسینے چھوٹ رہے تھے (B) بے ہوش تھے (C) جان لبوں پر تھی (D) ہانپ رہے تھے

4. زمین پر خلق خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟
(A) پانی کو (B) آب خنک کو (C) ٹھنڈی ہوا کو (D) بادل کے سائے کو

5. اللہ نے کس کو فطرت پر پیدا کیا؟
(A) جن کو (B) بشر کو (C) حیوان کو (D) شیطان کو

6. فاطمہ کے غم میں شبنم افشاں:
(A) زمیں (B) آسماں (C) دل (D) آنکھ

7. لاریاں پٹرول کی چلتی ہیں اس پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
(A) آٹھوں پہر (B) صبح و شام (C) رات کو (D) دن رات

8. مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی۔۔۔۔۔۔۔ تیری آرزو راہنما ہوگئی ہے۔ کس شاعر کا شعر ہے؟
(A) مرزا غالب (B) حسرت موہانی (C) میر تقی میر (D) جگر مراد آبادی

9. غزل ’’فراق گورکھ پوری‘‘ میں کن لوگوں کا ٹھکانہ نہیں؟
(A) دیوانہ عشق کا (B) بزدلوں کا (C) چور ڈاکوؤں کا (D) دہشت گردوں کا

10. غزل ’’ادا جعفری‘‘ میں جذبات کس کے سانچے میں ڈھلے ہیں؟
(A) پیار کے (B) وفا کے (C) آداب کے (D) احساس کے

11. ’’جاتا تھا‘‘ گرائمر کی رو سے ہے۔
(A) فعل (B) حرف (C) اسم (D) مہمل

12. اسم مفعول کی شناخت کیجئے۔
(A) عابد (B) عبادت (C) عہد (D) معبود

13. ’’اُس نے لکھا‘‘ فعل ماضی ہے۔
(A) شکیہ (B) بعید (C) قریب (D) مطلق

14. تصادم کا درست تلفظ ہے۔
(A) تَصَادَمْ (B) تَصَادِمْ (C) تِصَادُمْ (D) تَصَادُمْ

15. ’’فضول‘‘ کا درست تلفظ ہے:
(A) فُضُوْلْ (B) فُضُولْ (C) فِضُوْلْ (D) فَضُوّلْ

# DANISH ACADEMY

Kot Haibat DGK 03467300010

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Name: | | Roll #: | | Subject: | Urdu-10 | Test #: | 1187594 |
| Test Detail: | Type 15 - Full Marks Test - Marks=75 | | | | | Time: | |
| Syllabus: | Full Book | | | | | Date: | 22-Feb-2023 |

(حصہ اول)

2- درج ذیل نظم سے 3اور غزل سے 2اشعار کی تشریح کیجیے۔(پہلے 4اشعار حصہ نظم سے اور آخری 3اشعار حصہ غزل سے ہیں): (5x2=10)

i. وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق — نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

ii. شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے — آہو نہ منھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

iii. یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر! — ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

iv. مرے بنّے کو مبارک یہ خوشگوار گھڑی — کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

v. میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

vi. آدمی آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

vii. تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے — ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: (5x2=10)

i. خدا کے فضل سے گھر کا آرام انھیں میسر تھا۔اُن کی بیگم بھی ادبی ذوق رکھتی تھی۔ دو ایک ناول ان کے بھی شائع ہو چکے ہیں۔اولاد سعادت مند، بیوی سلیقہ شعار، پنشن اتنی کہ بڑھاپے میں کسی کی محتاجی نہیں۔

ii. اب علی بخش کا ذہن بڑی تیزی سے اپنے مرکز کے گرد گھوم رہا ہے اور وہ بڑی سادگی سے ڈاکٹر صاحب کی باتیں سناتا جاتا ہے۔ان باتوں میں قصوں اور کہانیوں کا رنگ نہیں، بلکہ ایک نشے کی سی کیفیت ہے۔جب تک علی بخش کا یہ نشہ پورا نہیں ہوتا، غالباً اسے ذہنی اور روحانی تسکین نہیں ملتی۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (5x2=10)

(i) مصنف جب اپنے دوست کو سوالات کے جواب دینے لگے تو وہ دوست کیا کرنے لگتے ہیں؟
(ii) سبق ''ملمع'' میں لڑکی نوجوان سے پہلے کیوں گیٹ پاس کرنا چاہتی تھی؟
(iii) سبق ''نام دیو مالی'' میں انسان فطرتاً کیسا بتایا گیا؟
(iv) علی بخش کا علامہ اقبالؒ سے کیا تعلق تھا؟
(v) نظم اور غزل میں کیا فرق ہے؟
(vi) نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' میں فاطمہ کو ''راکھ میں دبی ہوئی چنگاری'' کیوں کہا گیا ہے؟
(vii) حسرتؔ موہانی کا تخلص کیا ہے؟
(viii) جگر مراد آبادی کب پیدا ہوئے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔(i) استنبول (ii) چغل خور (5)

6- درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔(i) یوم آزادی (ii) دیہاتی اور شہری زندگی کا فرق (iii) مرزا غالب (15)

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

آپ کا والا نامہ ابھی ملا ہے جس کے لیے بہت شکر گزار ہوں۔ مسٹر نعیم الحق کے خط سے جو انھوں نے شیخ عبدالحمید کو لکھا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے خیال میں کشمیر اور سری نگر دو مختلف جگہیں ہیں۔ان کی خدمت میں عرض کریں کہ ''کشمیر'' ملک کا نام ہے اور ''سری نگر'' دارالسلطنت ہے۔ مقدمات جو بھی ہوں سری نگر میں ہوں گے اور جہاں تک میں خیال کرتا ہوں ان کو زیادہ مدت وہاں ٹھہرنا نہ پڑے گا۔ شیخ عبدالحمید صاحب کا خط مجھے آج آیا ہے، جس میں وہ لکھتے ہیں کہ سید نعیم الحق صاحب کا سفر خرچ کشمیر کمیٹی کی طرف سے ادا ہونا چاہیے، لیکن مجھے یقین ہے کہ سید صاحب موصوف اس حقیر رقم کو جو سفر خرچ کی صورت میں ان کی خدمت میں پیش کی جائے قبول نہ کریں گے اور یہ کام لِلہ، مسلمانوں کے لیے کریں گے۔ کشمیر کمیٹی کے پاس زیادہ فنڈ نہیں ہے، ورنہ میں خود سید صاحب کی خدمت میں پیش کرتا۔اس واسطے مہربانی کر کے ان کی خدمت میں عرض کریں کہ اگر آپ کسی قسم کے معاوضے اور سفر خرچ کے یہ خدمت کریں تو اللہ کے نزدیک اجر جزیل کے مستحق ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی اور صورت میں اس کا اجر ضرور مل جائے گا۔

سوالات:

(i)۔علامہ اقبال نے مکتوبِ الیہ سے کیا کہا؟ خلاصہ لکھیے۔(ii)۔سفر خرچ سے کیا مراد ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔(iii)۔اس پیرا گراف کا عنوان لکھیے۔(iv)۔سید نعیم الحق وکیل ہیں۔انہیں سری نگر کیوں بلایا ہے؟(v)۔اجر جزیل کے معنی لکھیں۔

# DANISH ACADEMY

**Kot Haibat DGK** 03467300010

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Name:** | | **Roll #:** | | **Subject:** | Urdu-10 | **Test #:** | **1187594** |
| **Test Detail:** | **Type 15 - Full Marks Test - Marks=75** | | | | | **Time:** | |
| **Syllabus:** | Full Book | | | | | **Date:** | **22-Feb-2023** |

## TEST TYPE WITH ANSWERS KEY

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| C | A | C | B | B | D | B | B | A | C | A | B | C | D | B |